AQF / Hamid

04-03-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................... آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر MSME شعبے کے بارے میں بجٹ کے بعد کے Webinar سے خطاب کریں گے۔

2- مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہاہے کہ گزشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی کے شعبے میں اخراجات دوگنا ہوئے ہیں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج برطانیہ اور آئرلینڈ کے چھ دن کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔

4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے یوکرین کیلئے فوجی امداد روک دی ہے۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے آج مغربی ہمالیائی خطے میں دور دور تک بارش یا برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔

6- اور کرکٹ میں، دبئی میں آج ICC چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-WEBINAR

وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے بجٹ کے بعد کے تین Webinars میں شرکت کریں گے۔ یہ Webinar ترقی کے انجن، مینوفیکچرنگ، برآمدات، ایٹمی توانائی مشن، انضباطی، سرمایہ کاری اور کاروبار کرنے میں سہولت سے متعلق اصلاحات کے تعلق سے MSME شعبے کے بارے میں ہو رہے ہیں۔ جناب مودی اِس موقع پر خطاب بھی کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایاہے کہ اِن Webinars سے سرکاری عہدیداروں، صنعتی رہنماؤں اور تجارت سے متعلق ماہرین کو بھارت کی صنعتی، تجارتی اور توانائی سے متعلق حکمت عملی کے بارے میں تبادلۂ خیال کیلئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم ملے گا۔ اِس تبادلۂ خیال میں پالیسی پر عمل درآمد، سرمایہ کاری میں سہولت اور تکنیک کے استعمال پر توجہ مرکوز کی جائے گی، نیز بجٹ کے اہم اور بڑے اقدامات پر بلارکاوٹ عمل درآمد کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

Webinar میں پرائیویٹ سیکٹر کے ماہرین، صنعتوں کے نمائندے اور مخصوص امور کے ماہرین بھی شامل ہوں گے تاکہ بجٹ اعلانات پر مؤثر عمل درآمد کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کو تقویت مل سکے۔ x

**PM-BELGIUM PRINCESS**

بیلجیم کی شہزادی Astrid، جو بھارت کے دورے پر ہیں، آج نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گی۔ وہ اس ماہ کی 8 تاریخ تک بھارت کے دورے پر ہیں۔ شہزادی Astrid نے بیلجیم کے وزیر دفاع Theo Francken کے ہمراہ کل وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سے ملاقات کی تھی۔ طرفین نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی، صنعتی اشتراک کو بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر دفاع نے، دفاعی شعبے میں بیلجیم کی سرمایہ کاری کو مدعو کیا۔ انہوں نے تجویز کیا کہ بیلجیم کی کمپنیاں بھارت میں اپنی موجودگی کو وسعت دیتے ہوئے ایک اہم رول ادا کرسکتی ہیں اور بھارتی کمپنیوں کو اپنی سپلائی چین سے مربوط کرسکتی ہیں۔ دونوں ملکوں نے ایک ادارہ جاتی دفاعی اشتراک سے متعلق طریقہ کار تلاش کرنے سے بھی اتفاق کیا۔x

**JITENDRA DISHA**

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہاہے کہ گزشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی کے شعبے میں ملک کے اخراجات دوگنا ہوگئے ہیں۔ اِس طرح یہ بڑھ کر ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں جبکہ سال 2013-14 کے دوران یہ 60 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تھے۔ نئی دلّی میں DISHA پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہاکہ مذکورہ پروگرام سے ملک کی علمی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا اور آتم نربھر بھارت مستحکم ہوسکے گا۔ ڈاکٹر سنگھ نے جدید طرز کے اختراع اور کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کے شعبے میں بھارت کو ایک سرکردہ ملک بنانے کی سرکار کی کثیر سطحی حکمت عملی کو بھی اجاگر کیا۔

**DEFENCE**

محکمۂ دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کل نئی دلّی میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کو بھارتی فضائیہ کی صلاحیت بڑھانے سے متعلق با اختیار کمیٹی کی رپورٹ پیش کی۔ مذکورہ کمیٹی نے کچھ اہم شعبوں کی نشاندہی کی ہے، جن پر خاص توجہ دی جائے گی۔ کمیٹی نے بھارتی فضائیہ کی صلاحیت خاطر خواہ انداز سے بڑھانے کیلئے مختصر مدت، اوسط اور طویل مدت کیلئے عمل درآمد کی خاطر سفارشات بھی تجویز کی ہیں۔ جناب سنگھ نے با اختیار کمیٹی کے کام کی ستائش کی ہے اور یہ ہدایت دی ہے کہ متعلقہ سفارشات پر مقررہ وقت کے اندر عمل درآمد کیاجائے۔ x

**PUNJAB SHOT DEAD**

امرتسر میں کل بھارت-پاکستان سرحد پر سرحدی حفاظتی فورس BSF نے ایک پاکستانی درانداز کو گولی مارکر ہلاک کردیا۔ BSF کے ذرائع نے آکاشوانی کو بتایا کہ سکیورٹی اہلکاروں نے درانداز کی مشکوک نقل وحرکت کا نوٹس لیا جو بین الاقوامی سرحد پار کرنے کے بعد گیہوں کی فصل کی آڑ لے کر سرحد پر سکیورٹی باڑ کی طرف آرہا تھا۔ جب BSF اہلکاروں نے اُسے للکارا تو اُس نے باڑ کی سمت بھاگنا شروع کردیا۔ اُس کی جارحانہ حرکت کا نوٹس لیتے ہوئے فوجیوں نے گولی چلائی اور وہ موقع پر ہی مارا گیا۔ حالیہ دنوں میں یہ اِس طرح کا دوسرا واقعہ ہے۔ بدھ کے روز بھی پٹھان کوٹ میں بین الاقوامی سرحد پر BSF اہلکاروں نے ایک پاکستانی درانداز کو گولی مار کر ہلاک کیا تھا۔ x

**ECI CONFERENCE**

انتخابی کمیشن نئی دلّی میں آج سے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناؤ افسروں کی دو روزہ کانفرنس منعقد کر رہا ہے۔ گیانیش کمار کی جانب سے اعلیٰ انتخابی کمشنر کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد سے اِس طرح کی یہ پہلی کانفرنس ہے۔ اِس دوروزہ کانفرنس میں ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے چناؤ افسروں کو ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے اور تفصیلی غورو فکر کا موقع ملے گا۔ کانفرنس کے دوران انتخابات کے بندوبست کے اہم شعبوں میں کئی موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ اِن میں IT نظام، مؤثر مواصلات، چناؤ عمل میں مختلف عہدیداروں کے آئینی رول اور سوشل میڈیا کی رسائی بڑھانے کے امور شامل ہیں۔ x

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**JAISHANKAR-UK**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج برطانیہ اور آئرلینڈ کے سرکاری دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ بھارت اور برطانیہ کی جامع کلیدی شراکت داری ہے اور دفاع، سکیورٹی، تجارت، معیشت، صحت، تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں سمیت وسیع تر شعبوں میں دو طرفہ تعلقات مستحکم ہوئے ہیں۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے۔ **V-C Pallavi**

*برطانیہ کے اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ اپنے ہم منصب **David Lammy** کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے اور دیگر سرکردہ شخصیات سے ملاقات کریں گے۔ آئرلینڈ کے اپنے دو روزہ*

*دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر آئر لینڈ کے اپنے ہم منصب **Simon Harris** اور دیگر اہم شخصیات سے ملاقات کریں گے۔ وہ وہاں آباد بھارتی برادری سے بھی ملیں گے، بھارت اور آئرلینڈ کے مشترکہ جمہور قدروں، ثقافتی رشتوں اور بڑھتے اقتصادی رابطوں پر مبنی دوستانہ دوطرفہ تعلقات ہیں۔*

*دلّی سے ٹپوی پارمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## N.ARINDAM BAGCHI

بھارت نے جنیوا میں انسانی حقوق سے متعلق کونسل میں اقوام متحدہ کے انسانی حقوق شعبے کے سربراہ **Volker Turk** کے عالمی احوال میں کی گئی اُن کی رائے زنی کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے۔ جنیوا میں بھارت کے مستقل نمائندے اَرندم باگچی نے اقوام متحدہ میں اظہار خیال کرتے ہوئے اُن کے بیان کو یہ کہتے ہوئے بے بنیاد قرار دیا کہ اِس سے حقیقی صورتحال کی عکاسی نہیں ہوتی۔ جناب باگچی نے زور دے کر کہاکہ بھارت ایک متحرک اور متنوع معاشرے کے ساتھ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے۔ انہوں نے جناب **Volker Turk** کی جانب سے کشمیر اور منی پور کا تذکرہ کیے جانے اور جموں وکشمیر کی جگہ کشمیر کہنے پر نکتہ چینی کی۔

بھارت نے اقوام متحدہ رپورٹ میں اپنے فائدے کے اور اپنے مطلب کے معاملات کو اٹھائے جانے پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ جناب باگچی نے اقوام متحدہ کے حقوق سے متعلق دفتر پر زور دیا ہے کہ وہ حقیقی حالات و واقعات کا محتاط انداز سے تفصیلی جائزہ لے۔ جناب **Volker Turk** نے عالمی منظرنامے کے تعلق سے یوکرین اور غزہ سمیت مختلف عالمی امورکا تذکرہ کیا لیکن پاکستان کا ذکر نہیں کیا۔ **x**

## USA-UKRAINE AID

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین کیلئے فوجی امداد روک دی ہے۔ وہائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے میڈیا کو خبر دی ہے کہ صدر ٹرمپ کا موقف واضح رہا ہے کہ قیام امن، امریکہ کی ترجیح ہے اور وہ اپنے اتحادیوں سے بھی اس کی خاطر عزم چاہتا ہے۔ خبروں کے مطابق عہدیدار نے کہا کہ امریکہ امداد کو روک رہا ہے اور جائزہ لے رہا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ وہ ایک حل کی خاطر اشتراک کررہا ہے۔

یوکرین کے صدر **Volodymyr** زیلنسکی اور امریکی صدر اور نائب صدر کے درمیان وہائٹ ہاؤس میں بحث وتکرار ہوجانے کے کچھ دن بعد یہ قدم سامنے آیا ہے۔ اس واقعے سے روس کے ساتھ امن بات چیت پر رضامندی کی خاطر یوکرین پر دباؤ بڑھے گا۔ تین سال پہلے روس کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد سے امریکہ یوکرین کو سب سے زیادہ فوجی امداد دیتا رہا ہے، جس میں ہتھیار، سازو سامان اور مالی مدد شامل ہے۔×

**TRUMP TARIFF**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ کناڈا اور میکسیکو کے سامان اور اشیاء پر محصول منصوبے کے مطابق عائد کیا جائے گا۔ انہوں نے وہائٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ کناڈا اور میکسیکو کی اشیاء پر 25 فیصد محصول آج سے نافذ ہونا شروع ہوجائے گا۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ تجارتی مذاکرات کے تعلق سے میکسیکو یا کناڈا کیلئے اب کوئی گنجائش نہیں رہ گئی ہے۔

اِس اعلان کے بعد امریکہ کے شیئربازاروں میں گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔ اِدھر چین سے آنے والی اشیاء پر بھی 10 فیصد ٹیکس کا سلسلہ جلد شروع ہونے کا امکان ہے۔اِس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ اپنے تین سب سے بڑے تجارتی ساجھیدار ملکوں کیلئے تجارتی لین دین کی قیمت میں اضافہ کر رہاہے۔ تینوں ملک پہلے ہی یہ کہہ چکے ہیں کہ وہ اِن محصولات کے تناظر میں امریکہ کے خلاف جوابی محصول عائد کریں گے۔ اِس طرح ایک وسیع تر تجارتی محاذ آرائی کا امکان بڑھ گیا ہے۔ x

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج مغربی شمالیائی خطے میں دور دور تک بارش یا برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ آج جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں دور دور تک بارش یا برفباری کے ساتھ ساتھ کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا قوی امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تازہ تبدیلی کا اس خطے پر اتوار سے اثر ہونے کا امکان ہے۔کونکن اور گوا میں جمعرات تک اور ساحلی کرناٹک میں جمعہ تک گرم اور حبس والا موسم رہے گا۔x

**CAQM GRAP**

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن نے قومی راجدھانی خطے میں رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے کے تحت پہلے مرحلے کی پابندیاں ہٹالی ہیں۔ دلّی NCR میں پچھلے کچھ روز سے موجودہ سازگار موسمیاتی صورتحال کے سبب دلّی میں ہوا کے معیار میں خاطر خواہ بہتری کے بعد کل یہ فیصلہ کیا گیا۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج دلّی کا اے کیو آئی -151 درج کیا گیا۔x

**ICC-CRICKET**

ICC چمپئن ٹرافی کرکٹ میں آج دوپہر دوبئی میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا سیمی فائنل مقابلہ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے سے کھیلا جائے گا۔

بھارت نے اس ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور بنگلہ دیش، پاکستان اور نیوزی لینڈ پر جیت حاصل کی۔ بھارت گروپ-A میں سرفہرست ہے۔ بھارتی ٹیم کی گیند بازی اس ٹورنامنٹ میں مضبوط رہی ہے اور بھارتی اِسپن گیند بازوں نے اس بات کو ثابت کیا کہ ٹیم میں ان کی موجودگی سے ٹیم کو فائدہ ہوا ہے۔ دوسری جانب ایک کم تجربہ کار آسٹریلیائی ٹیم نے بھی اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اور Steve Smith کی کپتانی میں آسٹریلیائی ٹیم اس بڑے ٹورنامنٹ میں سیمی فائنل میں جگہ بنا پائی۔ ICC چمپئن ٹرافی کا فائنل میچ اتوار کو کھیلا جائے گا۔×

**PM-NAMO APP**

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ نمو ایپ کھلے فورم پر اپنی زندگی کے تحریک دینے والے سفر کو زیادہ سے زیادہ شیئر کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے بتایا کہ نمو ایپ پر شیئر کئے گئے تحریک پذیر سفر سے کچھ خواتین کو اس ماہ کی 8 تاریخ کو خواتین کے عالمی دن کے موقع پر وزیراعظم کے ڈیجیٹل سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو سنبھالنے کیلئے منتخب کیا جائے گا۔×

**J&K KHELO INDIA**

جموں وکشمیر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کے سِول سکریٹریٹ میں کھیلو انڈیا موسم سرما کھیلوں 2025 کی سرکاری ویب سائٹ کا آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ نے منتظمین کو اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیراعلیٰ نے انتظامات اور کھیل کود مقابلوں کی حتمی تاریخوں کے بارے میں معلوم حاصل کیں۔ جے اینڈ کے اسپورٹ کاؤنسل کی سکریٹری نزہت گُل نے اعلان کیا کہ یہ کھیل کود مقابلے 9 مارچ سے 12 مارچ تک گلمرگ میں ہوں گے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ - آسیہ میمونہ

دارالحکومت دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے جنگلی حیاتیات کے عالمی دن کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کے گجرات کے Gir فاریسٹ کے دورے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ملاپ نے شہ سرخی بنائی ہے،

وزیراعظم نے Gir میں جنگل سفاری کا اٹھایا لطف۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اسی سلسلے میں وزیراعظم کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے ''ایشیائی شیروں کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہورہاہے''

ہندوستان ایکسپریس کی ایک اور اہم خبر بہار کے بجٹ میں تعلیم کیلئے 22 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ رقم مختص کرنے کے سلسلے میں ہے۔روزنامہ پرتاپ نے مسلح افواج کے یوم پرچم کے موقع پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے: فوجیوں کی فلاح وبہبود کیلئے دل کھول کر تعاون کریں۔ اس کے علاوہ روزنامہ ملاپ کی ایک اہم خبر دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے اس بیان پر مبنی ہے۔''دلّی حکومت کا آئندہ بجٹ عوام کا بجٹ ہوگا''۔

عالمی خبروں میں روزنامہ راشٹریہ سہارا نے امریکہ کے شمالی اور جنوبی کیرولینا میں آگ بھڑکنے اور سیکڑوں لوگوں کی نقل مکانی کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ اور کھیلوں میں روزنامہ انقلاب نے آئی سی سی چمپئنز ٹرافی کرکٹ میں آج بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان ہونے والے سیمی فائنل میچ کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر MSME شعبے کے بارے میں بجٹ کے بعد کے Webinar سے خطاب کریں گے۔

2- مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہاہے کہ گزشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی کے شعبے میں اخراجات دوگنا ہوئے ہیں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج برطانیہ اور آئرلینڈ کے چھ دن کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔

4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے یوکرین کیلئے فوجی امداد روک دی ہے۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے آج مغربی ہمالیائی خطے میں دور دور تک بارش یا برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔

6- اور کرکٹ میں، دبئی میں آج ICC چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------